مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

حضرت مہتمم صاحب کے اسفار: ☆ ۳۰ مئی کو اسلام آباد میں جمعیة علماء اسلام کے سربراہ مولانا سمیع الحق صاحب مظلہ نے تمام مذہبی و سیاسی جماعتوں کا اہم اجلاس طلب کیا اور اجلاس کی صدارت کی، جس میں ملا اختر منصور کی شہادت اور ڈرون حملوں کے خلاف دفاع پاکستان کونسل کو دوبارہ فعال اور منظم بنانے کا عہد کیا گیا۔ ☆ ۵ جون ۲۰۱٦ء کو اسلام آباد آب پارہ چوک میں دفاع پاکستان کونسل کے زیر اہتمام دفاع پاکستان کانفرنس کی صدارت کی ۔ جس میں کونسل کے دیگر قائدین کیساتھ ساتھ مذہبی و سیاسی رہنماؤں نے شرکت کی۔ ☆ ۱۲؍جون ۲۰۱٦ء کو لاہور میں دفاع پاکستان کونسل کی جانب سے رمضان المبارک میں عظیم الشان احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔جسکی قیادت مولانا مدظلہ نے کی اور اختتامی خطاب فرمایا۔

دارالعلوم میں مہمانوں کی آمد: ۲۱؍مئی کو دارالعلوم کی زیر تعمیر جامع مسجد مولانا عبدالحقؒ کے معائنہ کے لئے انجینئر معروف آرکیٹیکٹ محفوظ مرزا، مفتی ذاکر حسن صاحب کی معیت میں اپنی ٹیم کے دیگر ممبران کے ہمراہ تشریف لائے اور مسجد کا معائنہ کیا اور موجودہ کام کے اعلیٰ معیار اور تیز رفتاری کو خراج تحسین پیش کیا۔ آپ نے دفتر اہتمام میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ اور مولانا راشد الحق صاحب سے زیر تعمیر مسجد مولانا عبدالحقؒ کے حوالے سے تفصیلی گفتگو فرمائی۔

مسافران آخرت: ۵ جون ۲۰۱٦ء بروز اتوار کو حضرت مولانا قاضی زاہد الحسینیؒ کی اہلیہ کا انتقال ہوا۔ ۵۔جون کو دارالعلوم کے قدیم فاضل اور شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ کے تلمذ خاص وعقیدت مند مولانا عبدالحقؒ (آف ٹیٹارہ تاروجبہ) اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔ جنازہ اسی دن بعد از عصر اپنے گاؤں میں مولانا انوار الحق صاحب کی امامت میں پڑھا گیا۔ دارالعلوم کے اساتذہ وعملہ کے علاوہ علاقہ بھر کے سینکڑوں لوگوں نے شرکت کی۔ ☆ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کے سیاسی میدان کے دست راست مولانا قاضی عبداللطیفؒ کے فرزند مولانا قاضی معین الدین فاضل حقانیہ آف کلاچی پانچ سال کی طویل علالت کے بعد گزشتہ ماہ انتقال فرما گئے ۔مولانا سید محمد یوسف شاہ صاحب نے فاتحہ و تعزیت میں نیابت کرتے ہوئے کلاچی حاضری دی۔ ☆ دفاع پاکستان کونسل کی مرکزی قیادت مولانا محمد احمد لدھیانوی اور مولانا فضل الرحمٰن خلیل دونوں کی والدہ ماجدہ انتقال فرما گئیں ۔مولانا سمیع الحق صاحب نے ہر دو حضرات کے ساتھ فاتحہ وتعزیت کی۔